شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

**36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**25 نومبر 2022**

# پریس ریلیز

## آرمی چیف کی اتفاق رائے سے تقرری سے ملک میں ہیجانی کیفیت ختم ہوگئی۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** آرمی چیف کی اتفاق رائے سے تقرری سے ملک میں ہیجانی کیفیت ختم ہوگئی۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ خوش آئند بات ہے کہ نئے آرمی چیف کی تقرری سینیارٹی کی بنیاد پر کی گئی اور فریقین کی طرف سے کسی ایسے اقدام سے اجتناب کیا گیا جس سے اس اہم تعیناتی میں تاخیر ہوتی اور ملک میں انتشار بڑھ جانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا۔ حقیقت یہ ہے کہ اہم ترین عسکری تقرریوں کے معاملے پر سیاسی اتفاق رائے نے ثابت کر دیا ہے کہ تمام سیاسی معاملات افہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعہ حل کیے جا سکتے ہیں۔ اُنہوں نے افواجِ پاکستان کی اعلیٰ قیادت کی جانب سے سیاسی معاملات میں مداخلت نہ کرنے کے اعلان کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ افواجِ پاکستان کو اپنے پیشہ وارانہ امور پر توجہ دینی چاہیے تاکہ ملک کی جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت پر ساری توجہ مرکوز کی جا سکے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ افواجِ پاکستان کے نئے سپہ سالار حافظ قرآن ہیں ہم توقع کرتے ہیں کہ وہ افواجِ پاکستان کے شعار ”ایمان، تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ“ پر صحیح معنوں میں عمل پیرا ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلام کے نام پر قائم ہونے والے ملک پاکستان کی بقا اور سلامتی کا انحصار دینِ اسلام کے نفاذ ہی پر ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سٹیک ہولڈرز نظریۂ پاکستان کو عملی تعبیر دینے کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کریں تاکہ پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنایا جا سکے اور ہم دنیا اور آخرت دونوں میں سرخرو ہو جائیں۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 25 November 2022**

## "The appointment of the new Army Chief with consensus has put an end to the frenzy surrounding the subject."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The appointment of the new Army Chief with consensus has put an end to the frenzy surrounding the subject."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that it is very heartening that the new Army Chief has been appointed on the basis of seniority and no stakeholder used any unseemly tactic to delay this important appointment, that could have potentially caused further chaos. The fact is that the harmonious appointment at the top positions of the Pakistan Army has proved that all political conundrums can be resolved amicably through talks. The Ameer welcomed the statement from the top brass of the armed forces of Pakistan that the army would not interfere in politics and said that the army should concentrate on their professional duties, so that they remain focused on the protection of the geographical borders of the country. The Ameer said that the new Army Chief is a *Hafiz* of the Holy Quran and we expect that he will implement the moto of the Pakistan Army, *"Iman, Taqwa and Jihad fi Sabeel Allah"*, in true spirit. The truth is that Pakistan was created on the basis of Islam and its salvation and fortification is also based on the enforcement of Islam. He said that it is imperative for all stakeholders in the country to strive for the practical implementation of the Ideology of Pakistan so that Pakistan could be molded into a genuine Islamic welfare state and we could become successful in this world and the Hereafter.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**